MRD-IX-19 (A) P-350

کُل نمبرات: 75 | **اُردو لازمی (نہم)** | کُل وقت: 3 گھنٹے

VERSION : C (Fresh/Reappear) اس پرچے کے تین حصے یعنی الف، ب اور ج ہیں۔

نمبرات: 15 | **"سیکشن الف"** | وقت: 20 منٹ

ہدایات:-
- اس حصے کو صرف دیے گئے MCQs Answer Sheet پر حل کریں۔
- ہر سوال کے صحیح جواب کے دائرہ کو کالے رنگ کے بال پوائنٹ یا مارکر سے پُر کریں۔
- کاٹ کر، مٹا کر، دوبارہ لکھے ہوئے یا ایک سے زائد دائروں کو پُر کرنے پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال نمبر1:- دیئے گئے چار ممکنہ جوابات یعنی A, B, C یا D میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

1. .............. کو موجودہ دور کے نقاد پہلا ترقی پسند شاعر تسلیم کرتے ہیں۔
● نظیر اکبر آبادی (B) اکبر الٰہ آبادی (C) حالی (D) میرزا ادیب

2. .............. کو خدائے سخن کہا جاتا ہے۔
(A) میر درد ● میر تقی میر (C) غالب (D) اقبال

3. خواجہ حیدر علی آتش .............. میں پیدا ہوئے۔
● فیض آباد (B) راولپنڈی (C) سیالکوٹ (D) کراچی

4. مرزا غالب کے والد کا نام .............. تھا۔
(A) اسد اللہ (B) میرزا اسد ● عبداللہ بیگ (D) عبداللہ خان

5. مولانا شبلی نے تاریخی .............. کے ذریعے مسلمانوں کو ان کے سنہرے ماضی کی یاد دلا کر مستقبل کی تعمیر پر ابھارنے کی کوشش کی۔
(A) کتب (B) ناول (C) حوالوں ● سوانح عمریوں

6. جملے کے .............. بڑے اجزا ہوتے ہیں۔
● دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

7. حضرت عمرؓ نے سائل سے فرمایا: تو سائل نہیں .............. ہے۔
(A) انسان ● تاجر (C) فقیر (D) بدمعاش

8. ہمارے اُمور میں ایک حصے کا تعلق خدا سے ہے اور ایک حصے کا .............. سے ہے۔
(A) انسان (B) اپنی ذات ● ابنائے جنس (D) رسولؐ

9. "آبِ حیات" کے مصنف .............. ہیں۔
● محمد حسین آزاد (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) سر سید احمد خان (D) شبلی نعمانی

10. دنیا کی .............. باتیں مجھ کو فسانوں میں یاد آتی تھیں۔
(A) اچھی (B) بد ● بھولی بسری (D) کاموں کی

11. میرزا ادیب کا سالِ ولادت .............. ہے۔
(A) 1911 (B) 1912 (C) 1913 ● 1914

12. جس نے ہمارے قبلے کو اپنا .............. بنایا وہ مسلمان ہے۔
(A) خنہ (B) نہیں ● قبلہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

13. سبق انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا کے مصنف .............. ہیں۔
(A) سر سید احمد خان (B) اقبال (C) حالی ● محمد حسین آزاد

14. جس نظم میں بندہ خدا سے التجا کرتا ہے اور دین و دنیا کی بھلائی مانگتا ہے اسے .............. کہا جاتا ہے۔
● مناجات (B) منقبت (C) قصیدہ (D) مرثیہ

15. امیر مینائی کے والد کا نام .............. تھا۔
(A) مولوی حمید الدین (B) مخدوم شاہ ● مولوی کرم احمد (D) شاہ مینا

eduvision.edu.pk

MRD-IX-19 (A) P-351

کُل وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

## اُردو (لازمی) (نہم)

(Fresh/Reappear)

کُل نمبرات: 60

## "سیکشن ب"

نمبرات: 36

سوال نمبر2:- مندرجہ ذیل میں سے کوئی نو (9) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(۱) مصنف نے علماء اور واعظین سے کیا درخواست کی ہے؟

(۲) سبق "قومی اتفاق" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(۳) پانچ فعلیہ جملے لکھیں اور ان میں فاعل، مفعول اور فعل کی نشاندہی کریں۔

(۴) وہم کی تصویر کس طرح پیش کی گئی ہے؟

(۵) نصوح نے خواب میں جس عدالت کو دیکھا اس کی کیفیت اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(۶) ڈرامہ "دستک" سے آپ کون سا اخلاقی سبق اخذ کرتے ہیں؟

(۷) سبق "سفارش طلب" سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے؟

(۸) مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

کام تمام کرنا — سکوت کا عالم — مفارقت — مزدوم آزادی — معمم

(۹) سیلی جھیل کی خوبصورتی کا منظر اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

(۱۰) بے سہارا بچوں سے برا سلوک کیا جائے، تو ان میں کیسی عادتیں پروان چڑھتی ہیں؟

(۱۱) صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

(۱۲) "تمھیں اس سے کہیں زیادہ ثواب ہو گیا۔ اس حج کا نام حج اکبر ہے۔" اس جملے کا کیا مطلب ہے؟

## "سیکشن ج"

نمبرات: 24

سوال نمبر3:- متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

(الف) علامہ مقری تاریخ اندلس میں لکھتے ہیں کہ: "اندلس میں جس سائل کو تندرست اور کام کے لائق دیکھتے ہیں۔ اس کو نہایت ذلیل کرتے اور سخت سست کہتے ہیں۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ یہاں اپاہج اور معذور آدمی کے سوا کوئی سائل نظر نہیں آتا۔" مگر افسوس اور نہایت افسوس ہے کہ اس زمانے میں ہمارے ملک میں جس قدر مسلمان بھیک مانگتے نظر آتے ہیں، اس قدر اور کسی قوم کے افراد نظر نہیں آتے۔

(ب) کیوں نہیں، یہ انھی اعمال کی بدولت ہے کہ میں دوسروں سے کم تکلیف میں ہوں۔ یہاں ہمارے اعمال میں خلوص نیت شرط ہے۔ میری نمازیں بے حضور قلب تھیں۔ دنیا کی بھولی بسری باتیں مجھ کو نمازوں میں یاد آتی تھیں۔ میں نماز کیا پڑھتا تھا، گھاس کاٹتا تھا۔ میرے روزے ایسے تھے کہ عید کا اس طرح منتظر رہتا تھا، جیسے کوئی قیدی تاریخ رہائی کا۔ عید کیلئے تیس روزے پورے کرنا، تو گویا موت آجاتی تھی۔ میں تو دنیا میں ایسے گیا تھا، جیسے کسی سرائے میں مسافر۔

سوال نمبر4:- شاعر اور نظم کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

(الف)
پھر رسائی کی رسا تقدیر نے — پھر مدینے ہو کے ہم زائر چلے
شوق دل نے کی دوبارہ رہبری — آگے بھی ہو آئے تھے اب پھر چلے

(ب)
میانِ شاخساراں، صحبتِ مرغِ چمن کب تک — ترے بازو میں ہے پروازِ شاہینِ قہستانی
گماں آباد ہستی میں یقیں مردِ مسلماں کا — بیاباں کی شبِ تاریک میں قندیلِ رہبانی

سوال نمبر5:- شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کیجیے۔

(الف)
بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں
کہہ دو ان حسرتوں سے، کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

(ب)
کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شبِ غم بری بلا ہے — مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا
اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا — جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دو چار ہوتا

سوال نمبر6:- مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

مجھے اس بات کے دیکھنے سے نہایت افسوس ہے کہ ہم سب آپس میں بھائی بھائی تو ہیں، مگر مثل برادران یوسفؑ کے ہیں۔ آپس میں دوستی اور محبت، یک دلی اور یک جہتی بہت کم ہے۔ حسد، بغض و عداوت کا ہر جگہ اثر پایا جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ آپس کی نااتفاقی ہے۔ شیطان جس نے خدا سے وعدہ کیا کہ "میں ضرور ان کو تیری صراط مستقیم سے ہٹاتا رہوں گا۔" وہ بظاہر ایک مقدس اور نورانی حیلے سے ان روحانی بھائیوں میں نفاق ڈالنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

سوالات:
(۱). ہم آپس میں کس طرح کے بھائی ہیں؟
(۲). ہم میں کن خوبیوں کا فقدان پایا جاتا ہے؟
(۳). ہمارے ہاں کن برائیوں کا اثر پایا جاتا ہے؟
(۴). شیطان نے خدا سے کیا وعدہ کیا تھا؟

یا

اپنے دوست کو طنز و مزاح سے بھرپور خط لکھیں۔